# کیا فرشتوں کو بھی علمِ غیب ہے؟

**مجیب:** مولانا سید مسعود علی عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** Web-1973

**تاریخ اجراء:** 17ربیع الآخر1446ھ /21اکتوبر2024ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

کیا فرشتوں کو غیب کا علم ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

جس قدر غیبی علوم پر اللہ تعالیٰ نے ملائکہ کو مطلع فرمایا اتنا ان کو غیب کا علم ہے۔

تفسیر سمرقندی میں ہے: "﴿وَ لَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ﴾ يعني الملائكة لا يعلمون الغيب، لأن بعض الناس يعبدون الملائكة ويرجون شفاعتهم. فأخبر أنهم لاَ يَمْلِكُونَ شَيْئاً وَلاَ يعلمون مما تقدمهم ولا ممابعدهم، **إلا بما أنبأهم الله تعالى** ويقال لا يدركون جميع علمه والإحاطة في اللغة إدراك الشيء بكماله ﴿اِلَّا بِمَا شَآءَ﴾ فيعلمهم "یعنی "**اور وہ نہیں پاتے اس کے علم میں سے**" یعنی فرشتے غیب کا علم نہیں رکھتے، کیونکہ بعض لوگ فرشتوں کی عبادت کرتے ہیں اور ان کی شفاعت کی امید رکھتے ہیں تو اللہ تعالیٰ نے بتایا کہ وہ (فرشتے) نہ کسی چیز کے مالک ہیں اور نہ ہی غیب کا علم رکھتے ہیں، نہ ان چیزوں کا جو ان سے پہلے گزر چکی ہیں اور نہ ان چیزوں کا جو ان کے بعد آئیں گی، سوائے اس کے جو اللہ تعالیٰ نے انہیں بتایا ہو۔ اور کہا جاتا ہے کہ وہ اللہ کے تمام علم کا احاطہ نہیں کرسکتے، کیونکہ **احاطہ** کے معنی ہیں کسی چیز کو مکمل طور پر جان لینا۔ "**مگر جتنا وہ چاہے**" یعنی اللہ انہیں جتنا علم عطا کرے، وہی جانتے ہیں۔ (تفسیر سمرقندی، جلد1، صفحہ223، دار الکتب العلمیہ بیروت)

کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب میں ہے: "عموماً فرشتوں کو حسبِ حاجت اُن کے شعبے کے متعلق علمِ غیب تفویض کیا جاتا ہے۔ مثلاً بادلوں کو چلانے اور بارِش برسانے والے ملائکہ کو اِن امور کے متعلق علمِ غیب دیا جاتا ہے۔ اِسی طرح جنین یعنی ماں کے رحم میں جو بچّہ ہوتا ہے اُس کے پیدا ہونے نہ ہونے، اُس کے رِزق وغیرہ حتّٰی کہ قبر تک کے مقام تک کا علم اُس پر مامور فرشتوں کو عنایت فرمایا جاتا ہے۔ اِسی طرح ملک الموت سیدنا عزرائیل علیہ

الصلوٰۃ والسلام اور ان کے مُعاوِنین ملائکہ کو تمام ذُوالاَرواح کی اموات کے اوقات ومقامات سے باخبر کیا جاتا ہے۔ یوں ہی محافظین اعمال لکھنے والوں کو۔“(کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، صفحہ302، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net